سوال

(350) اہل سنت والجماعت کی لڑکی کا رشتہ شیعہ مذہب سے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اہل سنت والجماعت کی لڑکی کا رشتہ شیعہ مذہب سے ہو سکتا ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شیعہ اگر غالی ہے جن کا یہ قول ہے ک علی کل شئ قدیر علی ہے۔ یا اسی قسم کے اور غلط خیالات رکھتا ہے۔ چونکہ وہ خود اسلام سے خارج ہے۔ اس لئے کسی مسلمان لڑکی کا نکاح اس سے جائز نہیں ہے۔ (فتاویٰ نذیریہ جلد دوم ص 211) اور اگر معمولی اختلاف خلافت پر رکھتا ہے تو غلطی پر ہے نکاح اس سے جائز ہے۔ (30جمادی الاخری 63ہجری)

شرفیہ

پھر بھی یقینی بات نہیں اس قوم میں تقیہ کا پلید عقیدہ ہی عدم جواز کے لئے کافی ہے۔ جبرئیل کی غلطی آئمہ انبیاء کی طرح عصمت وغیرہ خرافات۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص332

محدث فتویٰ